© rasailojaraid.com



انداز سے بیان کیا گیا ہے۔ قاری کم وقت میں پورے مضامین اور موضوعات قرآن سے آشنا ہو جاتا ہے۔ ایک تبصرہ نگار کے الفاظ میں: اس میں قرآن کے مختلف گل ہاے رنگا رنگ کو حسین گل دستہ کی شکل میں جمع کر دیا گیا ہے جس کی عطر بیزی دل و دماغ کو معطر کر دیتی ہے۔ ڈاکٹر عبدالباری نے مقدمے میں کہا ہے: "والہانہ انداز' سے حزم و احتیاط سے' صحیفہ بصیرت افروز کی تشریح خوش آہنگ اردو نثر میں کی گئی ہے" (مسلم سجاد)۔

## مطبوعات موصولہ

☆ اقبال اور گجرات' ڈاکٹر محمد منیر احمد سلیچ - ناشر: سلیچ پبلی کیشنز' گجرات۔ صفحات: ۴۱۶۔ قیمت: ۳۰۰ روپے۔ [گجرات کے تعلق سے علامہ اقبالؒ کے سسرالی خاندان' پہلی بیوی' بیٹے آفتاب اقبال سے مراسم' بعض معاصرین' اقبال دوستوں' محققین اور مترجمین وغیرہ کا تذکرہ اور ضروری مباحث۔ اقبالؒ پر تحقیق کرنے والوں کے لیے' تحقیقی اصولوں کے مطابق ایک مفید کتاب مع اشاریہ]۔

☆ سفر کے مسائل' مفتی غلام قادر نعمانی۔ ناشر: موتمر المصنفین' دارالعلوم حقانیہ' اکوڑہ خٹک۔ صفحات: ۶۷۔ [بحری' بری اور فضائی سفر میں درپیش مسائل کے بارے میں مستند کتابوں کے فتوے]۔

☆ الادب الجلری فی ابیات صحیح البخاری' مولانا لطافت الرحمٰن۔ ناشر: ادارہ العلم والتحقیق' جامعہ ابی ہریرہ' خالق آباد' نوشہرہ۔ صفحات: ۱۵۸۔ قیمت: درج نہیں۔ [صحیح بخاری میں آئے ہوئے اشعار کی عربی میں تشریح۔ کہیں کہیں اردو ترجمہ بھی دیا گیا ہے۔ عربی دانوں کے لیے ایک دلچسپ پیش کش]۔

☆ مجلہ المیزان' مدیر اعلیٰ: محمد امین شیوی۔ ناشر: اخوت ٹرسٹ' پوسٹ بکس ۱۳۰۷' اسلام آباد۔ قیمت فی پرچہ: ۳۵ روپے' سالانہ: ۱۲۰ روپے۔ [تعلیمات قرآن کے احیا کے لیے "علوم و معارف قرآنی پر پاکستان کا پہلا مجلہ"... مضامین کا انداز علمی و تحقیقی ہے۔ اشاعتی معیار عمدہ ہے]۔

☆ مسلم سیاسی پارٹی' راشد شاذ۔ ناشر: ملی ٹائمز پبلی کیشنز' جامعہ نگر' نئی دہلی ۲۵۔ قیمت: ۱۵ روپے۔ [بھارتی مسلمانوں کے لیے جائز نہیں کہ ووٹ کے ذریعے کفار و مشرکین کے نظام جبر کو استحکام بخشیں۔ ایک واضح اسلامی ایجنڈے کے اجرا کے لیے ایک مسلم سیاسی پارٹی کی تشکیل اشد ضروری ہے]۔

---

© rasailojaraid.com